URDU

CYPSC
CHILDREN & YOUNG PEOPLE'S SERVICES COMMITTEES

TUSLA
An Ghníomhaireacht um Leanaí agus an Teaghlach
Child and Family Agency

# فیملی سپورٹ پریکٹیشنر

حفاظت شراکت اور فیملی سپورٹ (PPFS)



بچوں اور خاندانوں کے لیے
**جنہیں مدد کی ضرورت ہے**

# ہم کون ہیں...

## ہم ٹسلا، چائلڈ اینڈ فیملی ایجنسی کا حصہ ہیں۔ ہم ان خاندانوں کو سپورٹ سروس فراہم کرتے ہیں جو دباؤ یا مشکل وقت سے گزر رہے ہیں۔ ہم خاندانوں کو بہتر طریقے سے مقابلہ کرنے اور خاندانی زندگی کو بہتر بنانے میں مدد کرتے ہیں۔

اگر آپ ہمارے ساتھ کام کرنے کے لیے تیار ہیں، تو ہم آپ کی اور آپ کے بچوں کی پریشانیوں سے نمٹنے اور آپ کے خاندان کے معیار زندگی کو بہتر بنانے میں مدد کریں گے تاکہ آپ کے بچے محفوظ رہیں اور اپنی پوری صلاحیتوں کو حاصل کر سکیں۔

ہم تمام ثقافتوں اور پس منظر سے تعلق رکھنے والے والدین اور ان کے 18 سال کی عمر تک کے بچوں کے ساتھ کام کرتے ہیں - لیکن صرف اس صورت میں جب والدین ہم سے ایسا چاہیں۔



# ہم کیسے کام کرتے ہیں...

- ہم آپ کے خاندان کی خوبیوں اور ان چیزوں پر توجہ دیتے ہیں جو بہتر چل رہی ہوں۔
- ہم مشکل اوقات میں آپ کی مدد اور حوصلہ افزائی کرتے ہیں۔
- ہم خاندانوں میں اچھے تعلقات کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں۔
- ہم گھر میں معمولات، اسکول میں حاضری اور بجٹ کو بہتر بنانے میں مدد کرتے ہیں۔
- ہم آپ کو مقامی کمیونٹی میں دیگر سپورٹس کے ساتھ جوڑنے میں آپ کی مدد کرتے ہیں۔
- چیزوں کو بہتر بنانے کے لیے ہم آپ کے ساتھ، آپ کے بچے کے ساتھ اور دیگر مثلاً اسکول، صحت عامہ کی نرس اور دماغی صحت کی خدمات فراہم کرنے والوں کے ساتھ کام کرتے ہیں۔
- ہم خاندانی سرگرمیوں اور مزید تعلیم کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں۔
- ہم Meitheal کو فروغ دیتے ہیں۔ Meitheal آپ اور آپ کے خاندان کے ساتھ کام کرنے کا ایک طریقہ ہے جس سے آپ کی خوبیوں کی حوصلہ افزائی اور آپ کی ضروریات کی نشاندہی کی جا سکتی ہے۔

## آپ اپنے فیملی سپورٹ پریکٹیشنر سے کیا توقع کر سکتے ہیں

**ہم مندرجہ ذیل اقدامات کریں گے:**

آپ کی رفتار سے کام کریں گے۔

آپ کو واضح طور پر بتائیں گے کہ ہم کون ہیں اور ہم کیا کرتے ہیں۔

آپ کے ساتھ ایماندار رہیں گے۔

چلڈرن فرسٹ کی رہنما ہدایات اور عام ڈیٹا کی حفاظت کے قوانین کے مطابق آپ کی رازداری کا احترام کریں گے۔

# آپ کیسے مدد کر سکتے ہیں...

**آپ کو بروقت اور درست مدد فراہم کرنے کے لیے آپ ہماری مدد کر سکتے ہیں۔**

- ہمیں اپنے بچے اور خاندان کے متعلق اپنی پریشانیوں کے بارے میں بتائیں۔
- ہمیں بتائیں کہ کیا اچھا ہو رہا ہے اور چیزوں کو آسان بنانے میں مدد کر رہا ہے۔
- ہمیں بتائیں کہ آپ کیا بہتری دیکھنا چاہتے ہیں اور ہم کس طرح مدد کر سکتے ہیں۔
- ہمیں بتائیں کہ اس وقت بچوں اور خاندان کے لیے اور کون اہم یا مددگار ہے۔



# بار پوچھے جانے والے سوالات

کیا آپ میرے گھر آئیں گے؟

**عام طور پر ہم خاندانوں کے ساتھ ان کے اپنے گھروں میں یا ان کی کمیونٹی میں کام کرتے ہیں۔**

اگر میں فیملی سپورٹ حاصل نہ کرنا چاہوں تو کیا ہوگا؟

**یہ آپ کا فیصلہ ہے۔ ہم آپ کو صرف اسی صورت میں فیملی سپورٹ فراہم کریں گے جب آپ ہمارے ساتھ کام کرنے کے لیے راضی ہوں گے۔**

کیا میں مدد کے لیے فیملی سپورٹ سروس سے رابطہ کر سکتا ہوں؟

**جی ہاں، آپ یہ جاننے کے لیے کہ کیا ہم آپ کی مدد کر سکتے ہیں، مدد کے لیے اپنی ضروریات کے متعلق بات چیت کے لیے سروس سے رابطہ کر سکتے ہیں۔**

## دیگر والدین سروس کے بارے میں کیا کہتے ہیں

"جب میرے لڑکوں نے گھر میں خاندانی سرگرمیوں میں حصہ لیا، تو اس نے ہمیں اکٹھا کیا اور لڑکوں کے ساتھ مسائل کی نشاندہی کرنے میں مدد کی۔"

"(فیملی سپورٹ پریکٹیشنر) نے میرے چھوٹے بیٹے کی بہتری کے لیے اہم کردار ادا کیا... وہ سمجھ گئی۔ میں کہہ سکتا ہوں کہ میں کیا محسوس کرتا ہوں... میں زیادہ آزاد محسوس کرتا ہوں۔"

"مجھے گھر سے نکال کر اور وہاں کی تمام سرگرمیاں دکھا کر میری بہت مدد کی۔"

"اس نے مجھے بجٹ سازی اور رویے میں مدد دی اور مجھے مقابلہ کرنے کی صلاحیتیں دیں۔ بہتر انتظام کرنے اور مشکل وقتوں سے نمٹنے میں میری مدد کی۔"

مزید جاننے کے لیے،
براہ مہربانی رابطہ کریں:

مزید جاننے کے لیے، ملاحظہ کریں:
پیرنٹنگ 24/7 ویب سائٹ:
www.parenting24seven.ie
CYPSC ویب سائٹ:
www.cypsc.ie

Rialtas na hÉireann
Government of Ireland

Arna chomhchistiú ag an Aontas Eorpach
Co-funded by the European Union

An Roinn Leanaí, Comhionannais, Míchumais, Lánpháirtíochta agus Óige
Department of Children, Equality, Disability, Integration and Youth

TUSLA
An Ghníomhaireacht um Leanaí agus an Teaghlach
Child and Family Agency


اس مواد کی +ESF کے لیے CYPSC کی جانب سے مالی معاونت کی گئی ہے۔

+ESF ایکشن کی حکومت آئرلینڈ اور یورپی یونین کے تعاون سے مالی معاونت کی جاتی ہے۔

یورپی سوشل فنڈ پلس (+ESF) لوگوں میں سرمایہ کاری کرنے کے لیے EU کا اہم ذریعہ ہے، جو روزگار اور تعلیم کے مواقع کو بہتر بنانے کے ساتھ ساتھ سماجی شمولیت کو بڑھانے اور غربت سے نمٹنے پر توجہ مرکوز کرتا ہے۔

+ESF کو رکن ریاستوں نے یورپی کمیشن کی شراکت داری کے ذریعے نافذ کیا ہے اور آئرلینڈ میں +ESF کے نفاذ کی ذمہ داری مزید و اعلی تعلیم، تحقیق اور سائنس کے ڈپارٹمنٹ میں +ESF مینجنگ اتھارٹی پر ہے۔


CYPSC
CHILDREN & YOUNG PEOPLE'S SERVICES COMMITTEES

Plain English
Approved by NALA

تمام PPFS سینئر منیجرز کی مکمل فہرست کے لیے براہ کرم اس QR کوڈ کو اسکین کریں۔

tusla.ie